12927-زراعتی کمپنیوں اورڈیری فارم کی زکاۃ

سوال

میں ایک ڈیری فارم کا مالک ہوں، توکیا اس منصوبے پرجس میں گائیں شامل ہیں پرزکاۃ ہوگی، یا کہ زکاۃ صرف اس سے حاصل ہونے والی رقم میں ہے، جیسا کہ جائداداور گاڑیوں کی سرمایہ کاری میں ہوتا ہے، اور ہم حصص والی زراعتی کمپنیوں اورڈیری فارم وغیرہ کی زکاۃ کس طرح ادا کریں، یہ علم میں رہے کہ اس کے حصص مارکیٹ میں متداول ہیں ؟
اللہ تعالی آپ کو توفیق سے نوازے، اور آپ پر احسان کرے، اور آپ کی غلطیاں دور کرے.

پسندیدہ جواب

اس منصوبے سے حاصل ہونے والی رقم پرزکاۃ واجب ہوگی، جب رقم نصاب کو پہنچ جائے اوراس پرسال مکمل ہوجائے تواس میں سے اڑھائی فیصد کے حساب سے زکاۃ نکالی جائے گی.

اوراسی طرح زراعتی اورڈیری فارم کے حصص سے حاصل ہونے والی رقم پرزکاۃ ہوگی، اگر یہ حصص صرف سرمایہ کاری کے لیے ہیں، لیکن اگر یہ حصص تجارت کے لیے ہوں توپھران حصص اوراس کے منافع دونوں میں زکاۃ واجب ہوگی.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں برسائے.